# 4027-انٹرنیٹ کے ذریعہ لڑکی کا اپنے منگیتر کو تصویر ارسال کرنا

## سوال

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا :
سوال : کیا لڑکی کے لیے انٹرنیٹ کے ذریعہ اپنی تصویر منگیتر کو بھیجنی جائز ہے تا کہ وہ شادی کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرسکے ؟

## پسندیدہ جواب

توشیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

میرے خیال میں ایسا کرنا جائز نہیں :

اول : اس لیے کہ اسے دیکھنے میں دوسرے بھی شریک ہوسکتے ہیں ۔

دوم : اس لیے کہ تصویر مکمل طور پر حقیقت بیان نہیں کرتی ، کتنی ہی ایسی تصویریں ہیں جنہیں دیکھا اور جب اس لڑکی کا مشاہدہ کیا تو وہ تصویر سے بالکل ہی مختلف تھی ۔

سوم : ہوسکتا ہے یہ تصویر منگیتر کے پاس ہی رہے اور وہ منگنی توڑنے کے بعد اس تصویر سے لڑکی کو بلیک میل کرے اور جس طرح چاہے لڑکی کو نچاتا پھرے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .